(1)

# BOARD OF INTERMEDIATE AND SECONDARY EDUCATION,MULTAN

## OBJECTIVE KEY FOR SSC ANNUAL/SUPPLY EXAMINATION,2019.

Name of Subject: Urdu Compulsory  Session: 2018 – 2019

Group: 1st

| Q. Nos | Paper Code 3021 | Paper Code 3023 | Paper Code 3025 | Paper Code 3027 |
|---|---|---|---|---|
| 1 | A | C | B | A |
| 2 | D | D | A | D |
| 3 | C | D | B | B |
| 4 | C | A | A | B |
| 5 | C | D | D | B |
| 6 | D | B | C | B |
| 7 | D | B | C | A |
| 8 | A | B | C | B |
| 9 | D | B | D | A |
| 10 | B | A | D | D |
| 11 | B | B | A | C |
| 12 | B | A | D | C |
| 13 | B | D | B | C |
| 14 | A | C | B | D |
| 15 | B | C | B | D |
| 16 | | | | |
| 17 | | | | |
| 18 | | | | |
| 19 | | | | |
| 20 | | | | |

Group: 2nd

| Q. Nos | Paper Code 3022 | Paper Code 3024 | Paper Code 3026 | Paper Code 3028 |
|---|---|---|---|---|
| 1 | A, C | D | A | A |
| 2 | C | A | C | B |
| 3 | B | B | D | A |
| 4 | C | A, C | C | A |
| 5 | A | C | C | C |
| 6 | B | B | D | D |
| 7 | A | C | A | C |
| 8 | A | A | B | C |
| 9 | C | B | A, C | D |
| 10 | D | A | C | A |
| 11 | C | A | B | B |
| 12 | C | C | C | A, C |
| 13 | D | D | A | C |
| 14 | A | C | B | B |
| 15 | B | C | A | C |
| 16 | | | | |
| 17 | | | | |
| 18 | | | | |
| 19 | | | | |
| 20 | | | | |

**سرٹیفکیٹ بابت صحیح سوالیہ پرچہ/مارکنگ Key**

ہم نے مضمون اردو لازمی پرچہ II گروپ I و II سکیم نیو میٹرک سالانہ امتحان 2019 کا سوالیہ پرچہ انشائیہ ومعروضی(Subjective & Objective) کو بنظر عمیق چیک کرلیا ہے یہ پرچہ Syllabus کے عین مطابق Set کیا گیا ہے۔ اس سوالیہ پرچہ میں کسی قسم کی کوئی غلطی نہ ہے۔ ہم نے سوالیہ پرچہ کا اردو اور انگریزی Version بھی چیک کرلیا ہے۔ یہ Version آپس میں مطابقت رکھتے ہیں۔ نیز اس پرچہ کی معروضی(MCQs) Key کی بابت تصدیق کی جاتی ہے کہ اس میں بھی کسی قسم کی کوئی غلطی نہ ہے۔ مزید یہ کہ ہم نے Key بنانے سے متعلق دفتر کی جانب سے تیار کردہ ہدایات وصول کرکے ان کا بغور مطالعہ کرلیا ہے اور ان کی روشنی میں Key بنائی ہے۔ نیز سب ایگزامینرز کیلئے تفصیلی مارکنگ ہدایات/ مارکنگ سکیم/Rubrics بھی تیار کر دی گئی ہیں۔

**Prepared & Checked By:**  Dated: 05-03-2019

| S.# | Name | Designation | Institution | Mobile No | Signature |
|---|---|---|---|---|---|
| 1 | KHURSHID AHMAD | SSS | G.H.S.S Ailampur | 0300734 3459 | [signature] |
| 2 | Syed Masood Nabi | S.S.T. | G.New Millat H/S Mumtazabad, Multan | 0345 7229292 | [signature] |
| 3 | SAFDAR BASHIR | S.S.T | GOVT. ISLAMIA H/S DAULAT GATE MULTAN | 0306-7358191 | [signature] |
| 4 | Bashir Ahmad Sial | S.S.S.(Urdu) | G. H/S/S Nusrat-ul-Islam, Multan | 0302-7330876 | [signature] |
| 5 | M.Naeem Khan | S.S.T | GCTM H/S Ismailabad Multan | 0300-7302798 | [signature] |

**Re-Checked By** ہم نے درج بالا سوالیہ پرچہ(انشائیہ + معروضی) معروضی "Key" اور ہدایات کے حوالے سے مکمل طور پر تسلی کرلی ہے۔ کسی قسم کی کوئی غلطی نہ ہے۔

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| 1 | نسیم عباس | SS | گورنمنٹ [illegible] H/S بوسن ملتان | 0300[illegible] | [signature] |
| 2 | محمد رمضان اوبھایا | S.S.T. | گورنمنٹ ماڈل ہائی سکول شمس آباد ملتان | 03087335595 | [signature] |

تاریخ 07/3/19

رول نمبر ____________ 2019 (A)

سیکنڈری سکول امتحان پارٹ - II ( جماعت دہم )

اردو ( لازمی ) ( نیو کورس ) ( سیشن 2016-2018 ) گروپ - پہلا

وقت = 2.10 گھنٹے حصہ اِنشائیہ کل نمبر = 60

## حصہ اول

نوٹ۔ جوابی کاپی پر وہی سوال نمبر اور جزو نمبر درج کیجیے جو کہ سوالیہ پرچے میں درج ہے۔

2۔ درج ذیل اجزا میں سے نظم کے تین اور غزل کے دو اشعار کی تشریح کیجیے۔ 10 = 5 x 2

" حصہ نظم "

(i) غریبوں کی جاں کو، یتیموں کے دل کو — سکوں ہوگیا ہے، قرار آگیا ہے

(ii) آبِ خنک کو خلق، ترستی تھی خاک پر — گویا ہوا سے آگ برستی تھی خاک پر

(iii) یہ کلی بھی اس گلستانِ خزاں منظر میں تھی — ایسی چنگاری بھی یا رب اپنی خاکستر میں تھی

(iv) جھیل گئے دکھ جھیلنے والے اب ہے کام ہمارا — ایک رہیں گے، ایک رہے گا، ایک ہے نام ہمارا

" حصہ غزل "

(v) آج کیا بات ہے کہ پھولوں کا — رنگ، تیری ہنسی سے ملتا ہے

(vi) سر میں سودا بھی نہیں، دل میں تمنا بھی نہیں — لیکن اس ترکِ محبت کا بھروسا بھی نہیں

(vii) جو جھیل گئے ہنس کے کڑی دھوپ کے تیور — تاروں کی خنک چھاؤں میں وہ لوگ جلے ہیں

## حصہ دوم

3۔ درج ذیل اقتباسات کی تشریح کیجیے۔ سبق کا عنوان، مصنف کا نام اور خط کشیدہ الفاظ کے معانی بھی لکھیے۔ 10 = 5 + 5

(الف) یہاں یہ سمجھ لینا ضروری ہے کہ دنیا میں قومیت کی تشکیل کی دو بنیادیں ہیں: ایک وہ جو مغربی مفکرین نے قائم کی ہے دوسری وہ جو رسول مقبول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی قائم کی ہوئی ہے۔ اہلِ مغرب نے خاندانی، نسلی اور قبائلی بنیادوں میں ذرا وسعت پیدا کر کے قومیت کی بنیادیں جغرافیائی حدود پر استوار کیں اور کہا کہ قوم وطن سے بنتی ہے۔

(ب) ہر شخص میں قدرت نے کوئی نہ کوئی صلاحیت رکھی ہے۔ اس صلاحیت کو درجۂ کمال تک پہنچانے میں ساری نیکی اور بڑائی ہے۔ درجۂ کمال تک نہ کبھی کوئی پہنچا ہے، نہ پہنچ سکتا ہے۔ لیکن وہاں تک پہنچنے کی کوشش ہی میں انسان، انسان بنتا ہے۔ یہ سمجھو کندن ہوجاتا ہے۔ حساب کے دن جب اعمال کی جانچ پڑتال ہوگی، خدا یہ پوچھے گا کہ میں نے جو استعداد تجھ میں ودیعت کی تھی، اسے کمال تک پہنچانے اور اس سے کام لینے میں تُو نے کیا کیا؟

4۔ درج ذیل سوالات میں سے پانچ کے مختصر جوابات تحریر کیجیے۔ 10 = 5 x 2

(i) محمد تحسین کی گفتگو کا محور کیا ہوتا ہے؟

(ii) شاہد احمد دہلوی کہاں پیدا ہوئے اور ان کے دادا کا نام کیا تھا؟

(iii) چغل خور نے کسان کی بیوی کو کیا کہہ کر بدگمان کیا؟

(iv) لڑکی سفر کیوں کر رہی تھی؟

(v) عید الفطر کا ہماری تہذیبی اور دینی زندگی سے کیا تعلق ہے؟

(vi) احسان دانش کا اصل نام کیا تھا؟ ان کا سالِ ولادت بھی تحریر کیجیے۔

(vii) نظم " اونٹ کی شادی " کو مدِنظر رکھتے ہوئے لکھیے کہ نکیل پڑنے سے شاعر کی کیا مراد ہے؟

(viii) شاعر نے سر اور دل میں کس چیز کی کمی کا ذکر کیا ہے؟

5۔ کسی ایک نثری سبق کا خلاصہ لکھیے۔ 5

(الف) نظریۂ پاکستان (ب) نام دیو مالی

6۔ کسی ایک عنوان پر مضمون لکھیے۔ 15

(i) وقت کی پابندی (ii) تحریکِ پاکستان (iii) شہری زندگی کے مسائل

7۔ درج ذیل عبارت کو غور سے پڑھیے اور آخر میں دیے گئے سوالات کے جوابات لکھیے۔ 10 = 5 x 2

قائدِ اعظمؒ ہمیشہ سے ایمان دار، باہمت، نڈر اور مستقل مزاج انسان تھے۔ ان کا دامن لالچ اور ہوس سے پاک تھا۔ وہ کسی جج یا ساتھی وکیل سے بھی اپنی شان کے خلاف کوئی لفظ سننا پسند نہیں کرتے تھے۔ نامساعد حالات میں گھبراتے نہیں تھے۔ اور نہ کبھی دغا اور فریب سے کام لیتے تھے۔ اُن کی سیاست صاف ستھری اور پاکیزہ تھی وہ سیاسی مقاصد حاصل کرنے کے لیے توڑ پھوڑ اور خلافِ قانون اقدامات کے سخت مخالف تھے۔ جس بات کو حق سمجھتے، اس کے بارے میں کسی سے سمجھوتا نہیں کرتے تھے۔ اور نہ ہی مصلحت کوشی سے کام لیتے تھے۔ خوش پوشی کا انھیں بے حد شوق اور سلیقہ تھا۔ جو آخر تک قائم رہا۔ ہندوستان کے کتنے ہی وائسرایوں نے ان کی خوش پوشی کی تعریف کی۔ ان کی زندگی کے آخری چند سالوں میں ان کی شہرت بامِ عروج پر پہنچ گئی تھی۔ پاکستان کا قیام ان کا عظیم کارنامہ ہے۔

سوالات:۔ (i) قائدِ اعظمؒ کس قسم کے انسان تھے؟

(ii) قائدِ اعظمؒ کا سیاسی رویہ کس قسم کا تھا؟

(iii) قائدِ اعظمؒ کا عظیم کارنامہ کون سا ہے؟

(iv) ہندوستان کے وائسرایوں نے قائدِ اعظمؒ کے کس وصف کی تعریف کی ہے؟

(v) اس عبارت کا موزوں عنوان تحریر کیجیے۔

PAPER CODE
NUMBER: 3021

2019 (A)

رول نمبر ____________

سیکنڈری سکول امتحان پارٹ - II ( جماعت دہم )

اردو ( لازمی ) ( نیو کورس ) ( سیشن 2016-2018 ) گروپ - پہلا

وقت = 20 منٹ

## حصہ معروضی

کل نمبر = 15

نوٹ۔ ہرسوال کے چار ممکنہ جوابات A، B، C اور D دیے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر ہرسوال کے سامنے دیے گئے دائروں میں سے درست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مارکر یا پین سے بھر دیجیے۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہوگا۔ دائروں کو پُر نہ کرنے کی صورت میں کوئی نمبر نہیں دیا جائے گا۔ اِس سوالیہ پرچہ پر سوالات ہرگز حل نہ کریں۔

سوال نمبر 1۔

(1) سبق '' نام دیو مالی '' کتاب ______ سے لیا گیا ہے۔
(A) چند ہم عصر (B) مقدمات عبدالحق (C) خطباتِ عبدالحق (D) بزم خوش نفساں

(2) چغل خور ______ کام جانتا تھا۔
(A) لکڑی کا (B) لوہے کا (C) معماری کا (D) کھیتی باڑی کا

(3) سبق '' ملمع '' کے ماخذ کا نام ______ ہے۔
(A) وہ لوگ (B) ہائے اللہ (C) سب افسانے میرے (D) چوری چھپے

(4) مرزا محمد سعید نے گورنمنٹ کالج لاہور سے ______ کی سند لی۔
(A) بی اے (B) ایم اے تاریخ (C) ایم اے انگریزی ادب (D) ایم اے اردو

(5) سبق '' اردو ادب میں عیدالفطر '' کتاب ______ سے لیا گیا ہے۔
(A) مقالاتِ تحقیق (B) کلاسیکی ادب کا تحقیقی مطالعہ (C) اردو نثر کے میلانات (D) تنقیدی مطالعے

(6) علامہ محمد اقبالؒ پیار سے اپنی بیٹی کو کہا کرتے تھے۔
(A) مُنّی (B) مانو (C) رانو (D) بانو

(7) ذاتِ باری تعالیٰ کی شان نظر آتی ہے۔
(A) سرد و گرم میں (B) خشک و تر میں (C) اجالے اور تاریکی میں (D) ان سب میں

(8) نظم '' بہادر بچے '' شاعر ______ کی تخلیق ہے۔
(A) ناصر بشیر (B) احسان دانش (C) دلاور فگار (D) حسرت موہانی

(9) '' جھیل گئے دکھ جھیلنے والے '' سے مراد ہے۔
(A) محنت کش (B) مزدور (C) کسان (D) پاکستان بنانے والے

(10) رشید احمد صدیقی نے ______ شہر سے خطوط بھجوائے۔
(A) دلّی (B) علی گڑھ (C) لاہور (D) لکھنؤ

(11) اسمِ عَلَم کی اقسام ہیں۔
(A) تین (B) پانچ (C) چار (D) چھ

(12) درست تلفظ کی نشاندہی کیجیے۔
(A) مُسّافَر (B) مُسَافِر (C) مَسَافَرْ (D) مُسّافِرْ

(13) '' عیدگاہ '' گرامر کی رو سے ______ ہے۔
(A) ظرف زماں (B) ظرف مکاں (C) اسمِ صوت (D) اسمِ مکبّر

(14) تلاوت کا درست تلفظ ______ ہے۔
(A) تِلَاوَت (B) تَلَاوَت (C) تَلَاوِت (D) تِلَاوِت

(15) وہ اسم جو خود تو کسی سے نہ بنے لیکن اس سے بہت سے اسم بنیں کہلاتا ہے۔
(A) اسمِ جامد (B) اسمِ مصدر (C) اسمِ مشتق (D) اسمِ فاعل

**PAPER CODE NUMBER: 3023**

2019 (A)

رول نمبر ________

## سیکنڈری سکول امتحان پارٹ - II ( جماعت دہم )

## اردو ( لازمی ) ( نیو کورس ) ( سیشن 2016-2018 )

گروپ - پہلا

وقت = 20 منٹ

## حصہ معروضی

کل نمبر = 15

نوٹ۔ ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات A، B، C اور D دیئے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر ہر سوال کے سامنے دیئے گئے دائروں میں سے درست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مارکر یا پین سے بھر دیجئے۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہوگا۔ دائروں کو پُر نہ کرنے کی صورت میں کوئی نمبر نہیں دیا جائے گا۔ اس سوالیہ پرچہ پر سوالات ہرگز حل نہ کریں۔

سوال نمبر 1۔

(1) سبق " اردو ادب میں عیدالفطر " کتاب ____ سے لیا گیا ہے۔
(A) مقالاتِ تحقیق (B) کلاسیکی ادب کا تحقیقی مطالعہ (C) اردو نثر کے میلانات (D) تنقیدی مطالعے

(2) علامہ محمد اقبالؒ پیار سے اپنی بیٹی کو کہا کرتے تھے۔
(A) منّی (B) مانو (C) رانو (D) بانو

(3) ذاتِ باری تعالیٰ کی شان نظر آتی ہے۔
(A) سرد و گرم میں (B) خشک و تر میں (C) اجالے اور تاریکی میں (D) ان سب میں

(4) نظم " بہادر بچے " شاعر ____ کی تخلیق ہے۔
(A) ناصر بشیر (B) احسان دانش (C) دلاور فگار (D) حسرت موہانی

(5) " جھیل گئے دکھ جھیلنے والے " سے مراد ہے۔
(A) محنت کش (B) مزدور (C) کسان (D) پاکستان بنانے والے

(6) رشید احمد صدیقی نے ____ شہر سے خطوط بھجوائے۔
(A) دلّی (B) علی گڑھ (C) لاہور (D) لکھنؤ

(7) اسمِ عَلَم کی اقسام ہیں۔
(A) تین (B) پانچ (C) چار (D) چھ

(8) درست تلفظ کی نشاندہی کیجیے۔
(A) مُسَافَر (B) مُسَافِر (C) مَسَافَرُ (D) مُسَّافِرُ

(9) " عیدگاہ " گرامر کی رو سے ____ ہے۔
(A) ظرفِ زماں (B) ظرفِ مکاں (C) اسمِ صوت (D) اسمِ مکبّر

(10) تلاوت کا درست تلفظ ____ ہے۔
(A) تِلَاوَت (B) تَلَاوَت (C) تَلَاوِت (D) تِلَاوِت

(11) وہ اسم جو خود تو کسی سے نہ بنے لیکن اس سے بہت سے اسم بنیں کہلاتا ہے۔
(A) اسمِ جامد (B) اسمِ مصدر (C) اسمِ مشتق (D) اسمِ فاعل

(12) سبق " نام دیو مالی " کتاب ____ سے لیا گیا ہے۔
(A) چند ہم عصر (B) مقدمات عبدالحق (C) خطباتِ عبدالحق (D) بزمِ خوش نفساں

(13) چغل خور ____ کام جانتا تھا۔
(A) لکڑی کا (B) لوہے کا (C) معماری کا (D) کھیتی باڑی کا

(14) سبق " ملمع " کے ماخذ کا نام ____ ہے۔
(A) وہ لوگ (B) ہائے اللہ (C) سب افسانے میرے (D) چوری چھپے

(15) مرزا محمد سعید نے گورنمنٹ کالج لاہور سے ____ کی سند لی۔
(A) بی اے (B) ایم اے تاریخ (C) ایم اے انگریزی ادب (D) ایم اے اردو

PAPER CODE NUMBER: 3025

2019 (A)

رول نمبر ____________

سیکنڈری سکول امتحان پارٹ - II ( جماعت دہم )

اردو ( لازمی ) ( نیو کورس ) ( سیشن 2016-2018 )

گروپ - پہلا

وقت = 20 منٹ

## حصہ معروضی

کل نمبر = 15

نوٹ۔ ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات A، B، C اور D دیے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر ہر سوال کے سامنے دیے گئے دائروں میں سے درست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مارکر یا پین سے بھر دیجئے۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہوگا۔ دائروں کو پُر نہ کرنے کی صورت میں کوئی نمبر نہیں دیا جائے گا۔ اس سوالیہ پرچہ پر سوالات ہرگز حل نہ کریں۔

سوال نمبر 1۔

(1) " عیدگاہ " گرامر کی رو سے ____ ہے۔
(A) ظرف زماں (B) ظرف مکاں (C) اسمِ صوت (D) اسمِ مکبّر

(2) تلاوت کا درست تلفظ ____ ہے۔
(A) تِلَاوَت (B) تَلَاوَت (C) تَلَاوِت (D) تِلَاوِت

(3) وہ اسم جو خود تو کسی سے نہ بنے لیکن اس سے بہت سے اسم بنیں کہلاتا ہے۔
(A) اسمِ جامد (B) اسمِ مصدر (C) اسمِ مشتق (D) اسمِ فاعل

(4) سبق " نام دیو مالی " کتاب ____ سے لیا گیا ہے۔
(A) چند ہم عصر (B) مقدمات عبدالحق (C) خطباتِ عبدالحق (D) بزمِ خوش نفساں

(5) چغل خور ____ کام جانتا تھا۔
(A) لکڑی کا (B) لوہے کا (C) معماری کا (D) کھیتی باڑی کا

(6) سبق " طمع " کے ماخذ کا نام ____ ہے۔
(A) وہ لوگ (B) ہائے اللہ (C) سب افسانے میرے (D) چوری چھپے

(7) مرزا محمد سعید نے گورنمنٹ کالج لاہور سے ____ کی سند لی۔
(A) بی اے (B) ایم اے تاریخ (C) ایم اے انگریزی ادب (D) ایم اے اردو

(8) سبق " اردو ادب میں عید الفطر " کتاب ____ سے لیا گیا ہے۔
(A) مقالاتِ تحقیق (B) کلاسیکی ادب کا تحقیقی مطالعہ (C) اردو نثر کے میلانات (D) تنقیدی مطالعے

(9) علامہ محمد اقبالؒ پیار سے اپنی بیٹی کو کہا کرتے تھے۔
(A) مُنّی (B) مانو (C) رانو (D) بانو

(10) ذاتِ باری تعالیٰ کی شان نظر آتی ہے۔
(A) سرد و گرم میں (B) خشک و تر میں (C) اجالے اور تاریکی میں (D) ان سب میں

(11) نظم " بہادر بچے " شاعر ____ کی تخلیق ہے۔
(A) ناصرؔ بشیر (B) احسان دانشؔ (C) دلاور فگارؔ (D) حسرت موہانیؔ

(12) " جھیل گئے دکھ جھیلنے والے " سے مراد ہے۔
(A) محنت کش (B) مزدور (C) کسان (D) پاکستان بنانے والے

(13) رشید احمد صدیقی نے ____ شہر سے خطوط بھجوائے۔
(A) دلّی (B) علی گڑھ (C) لاہور (D) لکھنؤ

(14) اسمِ علَم کی اقسام ہیں۔
(A) تین (B) پانچ (C) چار (D) چھ

(15) درست تلفظ کی نشاندہی کیجیے۔
(A) مُسّافَر (B) مُسَافِر (C) مَسَافَرْ (D) مُسّافِرْ

**PAPER CODE NUMBER: 3027**

2019 (A)

رول نمبر __________

**سیکنڈری سکول امتحان پارٹ - II ( جماعت دہم )**

**اردو ( لازمی ) ( نیو کورس ) ( سیشن 2016-2018 )** **گروپ - پہلا**

وقت = 20 منٹ

## حصہ معروضی

کل نمبر = 15

نوٹ۔ ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات A، B، C اور D دیئے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر ہر سوال کے سامنے دیئے گئے دائروں میں سے درست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مارکر یا پین سے بھر دیجئے۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہوگا۔ دائروں کو پُر نہ کرنے کی صورت میں کوئی نمبر نہیں دیا جائے گا۔ اِس سوالیہ پرچہ پر سوالات ہرگز حل نہ کریں۔

**سوال نمبر 1۔**

(1) نظم '' بہادر بچے '' شاعر ______ کی تخلیق ہے۔
(A) ناصؔر بشیر (B) احسان دانؔش (C) دلاور فگاؔر (D) حسرت موہاؔنی

(2) '' جھیل گئے دکھ جھیلنے والے '' سے مراد ہے۔
(A) محنت کش (B) مزدور (C) کسان (D) پاکستان بنانے والے

(3) رشید احمد صدیقی نے ______ شہر سے خطوط بھجوائے۔
(A) دلّی (B) علی گڑھ (C) لاہور (D) لکھنؤ

(4) اسمِ عَلَم کی اقسام ہیں۔
(A) تین (B) پانچ (C) چار (D) چھ

(5) درست تلفظ کی نشاندہی کیجیے۔
(A) مُسّافَر (B) مُسَافِر (C) مَسَافَرْ (D) مُسّافِرْ

(6) '' عیدگاہ '' گرامر کی رو سے ______ ہے۔
(A) ظرف زماں (B) ظرف مکاں (C) اسمِ صوت (D) اسمِ مکبّر

(7) تلاوت کا درست تلفظ ______ ہے۔
(A) تِلَاوَت (B) تَلَاوَت (C) تَلَاوِت (D) تِلَاوِت

(8) وہ اسم جو خود تو کسی سے نہ بنے لیکن اس سے بہت سے اسم بنیں کہلاتا ہے۔
(A) اسمِ جامد (B) اسمِ مصدر (C) اسمِ مشتق (D) اسمِ فاعل

(9) سبق '' نام دیو مالی '' کتاب ______ سے لیا گیا ہے۔
(A) چند ہم عصر (B) مقدمات عبدالحق (C) خطباتِ عبدالحق (D) بزم خوش نفساں

(10) چغل خور ______ کام جانتا تھا۔
(A) لکڑی کا (B) لوہے کا (C) معماری کا (D) کھیتی باڑی کا

(11) سبق '' ملمع '' کے مآخذ کا نام ______ ہے۔
(A) وہ لوگ (B) ہائے اللہ (C) سب افسانے میرے (D) چوری چھپے

(12) مرزا محمد سعید نے گورنمنٹ کالج لاہور سے ______ کی سند لی۔
(A) بی اے (B) ایم اے تاریخ (C) ایم اے انگریزی ادب (D) ایم اے اردو

(13) سبق '' اردو ادب میں عیدالفطر '' کتاب ______ سے لیا گیا ہے۔
(A) مقالات تحقیق (B) کلاسیکی ادب کا تحقیقی مطالعہ (C) اردو نثر کے میلانات (D) تنقیدی مطالعے

(14) علامہ محمد اقبالؒ پیار سے اپنی بیٹی کو کہا کرتے تھے۔
(A) مُنّی (B) مانو (C) رانو (D) بانو

(15) ذاتِ باری تعالیٰ کی شان نظر آتی ہے۔
(A) سرد و گرم میں (B) خشک و تر میں (C) اجالے اور تاریکی میں (D) ان سب میں

رول نمبر ______________

2019 (A)

سیکنڈری سکول امتحان پارٹ - II ( جماعت دہم )

اردو ( لازمی ) ( نیو کورس ) ( سیشن 2016-2018 ) گروپ ۔ دوسرا

وقت = 2.10 گھنٹے کل نمبر = 60

## حصہ اِنشائیہ

## حصہ اول

نوٹ۔ جوابی کاپی پر وہی سوال نمبر اور جزو نمبر درج کیجیے جو کہ سوالیہ پرچے میں درج ہے۔

2۔ درج ذیل اجزا میں سے نظم کے تین اور غزل کے دو اشعار کی تشریح کیجیے۔ 10 = 5 x 2

" حصہ نظم "

(i) سُرخی اُڑی تھی پھولوں سے، سبزی گیاہ سے — پانی کنوؤں میں اُترا تھا سائے کی چاہ سے

(ii) ہے کوئی، ہنگامہ تیری تُربتِ خاموش میں — پل رہی ہے ایک قومِ تازہ اِس آغوش میں

(iii) لہر کھاتا ہے رگِ خاشاک میں جس کا لہو — جس کے دل کی آنچ بن جاتی ہے سیلِ رنگ و بُو

(iv) سوچتا رہتا ہوں کب میرے وظیفے کی طرح — اس کی بدحالی کا آتا ہے حکومت کو خیال

" حصہ غزل "

(v) پہنچ جائیں گے انتہا کو بھی حسرتؔ — جب اس راہ کی ابتدا ہوگئی ہے

(vi) آج کیا بات ہے کہ پھولوں کا — رنگ، تیری ہنسی سے مِلتا ہے

(vii) سر میں سودا بھی نہیں، دل میں تمنّا بھی نہیں — لیکن اس ترکِ محبت کا بھروسہ بھی نہیں

## حصہ دوم

3۔ درج ذیل اقتباسات کی تشریح کیجیے۔ سبق کا عنوان، مصنف کا نام اور خط کشیدہ الفاظ کے معانی بھی لکھیے۔ 10 = 5 + 5

(الف) مسلمانوں نے ہمیشہ رواداری کو اپنا شیوہ بنایا ہے لیکن جب کفر والحاد غلبہ حاصل کرنا چاہتا ہے تو مسلمان اس کے مقابلے کے لیے ڈٹ کر کھڑا ہو جاتا ہے بادشاہ اکبر کی بے جا رواداری اور ملکی سیاست میں ہندوؤں کے عمل دخل کی وجہ سے ملک میں کافرانہ طور طریقے اس قدر رائج ہو گئے تھے کہ مسلمانوں کی آزادی خود ان کے دینی معاملات میں بھی ختم ہو گئی تھی۔

(ب) جب ڈاکٹر صاحب نے دَم دیا ہے میں ان کے بالکل قریب تھا۔ صبح سویرے میں نے انہیں فروٹ سالٹ پلایا اور کہا کہ اب آپ کی طبیعت بحال ہو جائے گی، لیکن عین پانچ بج کر دس منٹ پر ان کی آنکھوں میں ایک تیز تیز نیلی نیلی سی چمک آئی اور زبان سے اللہ ہی اللہ نکلا۔ میں نے جلدی سے ان کا سَر اٹھا کر اپنے سینے پر رکھ لیا اور انہیں جھنجھوڑنے لگا لیکن وہ رخصت ہو گئے۔

4۔ درج ذیل سوالات میں سے پانچ کے مختصر جوابات تحریر کیجیے۔ 10 = 5 x 2

(i) مرزا صاحب کی معرکۃُ الآرا کتاب کا نام اور مرتبہ بیان کریں۔

(ii) سبق " مجھے میرے دوستوں سے بچاؤ " میں محمد شاکر خان کا مختصر اتعارف بیان کیجیے۔

(iii) چغل خور کو اپنی بری عادت سے کیا نقصان اٹھانا پڑا؟

(iv) " توپ کاپی " میوزیم کا تعارف اپنے الفاظ میں بیان کیجیے۔

(v) " خطوط کا جواب عموماً ہم روزہ دیتا ہوں " اس سے کیا مراد ہے؟

(vi) نظم " جیوے جیوے پاکستان " میں " جھیل گئے دکھ جھیلنے والے اب ہے کام ہمارا " اس مصرے کا مفہوم لکھیے۔

(vii) شاعرہ ادا جعفری شاملِ نصاب غزل کے مطلع میں کس بات پر نازاں ہے؟

(viii) نظم " فاطمہ بنتِ عبداللہ " میں فاطمہ نامی لڑکی کس جنگ میں شہادت ہوئی اور وہ کون سا کام کر رہی تھی؟

5۔ کسی ایک نثری سبق کا خلاصہ لکھیے۔ 5

(الف) پرستان کی شہزادی (ب) مرزا محمد سعید

6۔ درج ذیل میں سے کسی ایک عنوان پر مضمون لکھیے۔ 15

(i) ماں باپ کے ساتھ سلوک (ii) ایک دلچسپ سفر (iii) برسات کا موسم

7۔ درج ذیل عبارت کو غور سے پڑھیے اور آخر میں دیئے گئے سوالات کے جوابات لکھیے۔ 10 = 5 x 2

سکون کے وقت سُمندر کا دیدار آنکھوں کو فرحت بخشنے والی چیز ہے۔ تختۂ جہاز پر کھڑے ہو کر دیکھیں تو لہروں کا ایک لاتعداد سلسلہ نظر آتا ہے جو ہوا کے نرم نرم جھونکوں کے اثر سے سُمندر پر قریب قریب ہر وقت آتے رہنے سے ایک دوسرے کے پیچھے حلقے بناتا چلا جاتا ہے۔ ایسا معلوم ہوتا ہے کہ لہریں ایک دوسرے کے پیچھے دوڑ رہی ہیں۔ صبح کے وقت جب آفتاب نکلتا ہے اور اُچھلتی ہوئی لہروں کے سفید جھاگ پر اِس کی کرنیں پڑتی ہیں تو قوسِ قزح کے سارے رنگ دفعتاً شفاف پانی کے تختوں پر چمک جاتے ہیں اور دُور اُفق کے قریب تو سُنہری روپہلی فرش بچھا ہوا نظر آتا ہے گویا شاہِ خاور کے خیر مقدم کے لیے سامان ہو رہا ہے۔

سوالات:۔ (i) سکون کے وقت سُمندر کا نظارہ کیسا ہوتا ہے؟

(ii) تختۂ جہاز سے سُمندر کیسا نظر آتا ہے؟

(iii) صُبح کے وقت سُمندر کا منظر کیسا ہوتا ہے؟

(iv) دُور افق پر کیا نظر آتا ہے؟

(v) شاہِ خاور کے خیر مقدم سے کیا مراد ہے؟

PAPER CODE NUMBER: 3022

2019 (A)

رول نمبر ________

سیکنڈری سکول امتحان پارٹ - II ( جماعت دہم )

اردو ( لازمی ) ( نیو کورس ) ( سیشن 2016-2018 )

گروپ ۔ دوسرا

وقت = 20 منٹ

## حصہ معروضی

کل نمبر = 15

نوٹ۔ ہرسوال کے چار ممکنہ جوابات A، B، C اور D دیئے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر ہر سوال کے سامنے دیئے گئے دائروں میں سے درست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مارکر یا پین سے بھر دیجئے۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہوگا۔ دائروں کو پُر نہ کرنے کی صورت میں کوئی نمبر نہیں دیا جائے گا۔ اس سوالیہ پرچہ پر سوالات ہرگز حل نہ کریں۔

سوال نمبر 1۔

(1) خواجہ حسن نظامی نے دِلّی کے جو نوحے لکھے اس میں ______ نمایاں ہے۔
(A) عظمتِ رفتہ (B) احساسِ شادمانی (C) عید کا ذکر (D) لطف وسُرور

(2) سبق '' علی بخش '' ______ کی تحریر ہے۔
(A) سجاد حیدر یلدرم (B) مولوی عبدالحق (C) قدرت اللہ شہاب (D) ہاجرہ مسرور

(3) ترکی کے سلطان محمد ثالث کا بڑا بیٹا سلطان احمد تخت نشین ہوا۔
(A) 10 سال کی عُمر میں (B) 14 سال کی عُمر میں (C) 18 سال کی عُمر میں (D) 20 سال کی عُمر میں

(4) لڑکی نے کس کلاس کا ٹکٹ خریدا؟
(A) فرسٹ کلاس (B) سیکنڈ کلاس (C) تھرڈ کلاس (D) سلیپر

(5) ایک دن پاکستانی بچے قیام کریں گے۔
(A) منزل پر (B) راستے میں (C) دشت میں (D) گھر میں

(6) گدلا پانی پودوں کے لیے تھا۔
(A) ضرررساں (B) آبِ حیات (C) بے سُود (D) مفید

(7) اکبر کے دور میں دین کی سربلندی کے لیے ______ نے سختیاں جھیلیں۔
(A) حضرت مجدد الف ثانیؒ (B) شاہ ولی اللہؒ (C) سید احمد بریلویؒ (D) شاہ اسمٰعیل شہیدؒ

(8) نظم '' مال گودام روڈ '' شاعر کے پیش نظر لکھنے کا مقصد ______ ہے۔
(A) طنز برائے اصلاح (B) تنقید برائے تنقید (C) مزاح (D) مبالغہ آرائی

(9) کسان کی انگلیاں دن کے وقت رہتی ہیں۔
(A) ہل کی ہتھی پر (B) حُقے کی نے پر (C) خاک کی نبض پر (D) بانسری پر

(10) غزل کے پہلے شعر کو کہتے ہیں۔
(A) قافیہ (B) ردیف (C) مقطع (D) مَطلع

(11) '' تک '' قواعد کی رو سے ہے۔
(A) اِسم (B) فعل (C) حرف (D) کلمہ

(12) مصدر کی اقسام ہیں۔
(A) دو (B) تین (C) چار (D) پانچ

(13) '' کاش وہ محنت کرتا '' جُملہ ہے۔
(A) ماضی بعید کا (B) ماضی قریب کا (C) ماضی شکیہ کا (D) ماضی تمنائی کا

(14) '' مدرسہ '' کا درست تلفظ ہے۔
(A) مَدْرَسَہ (B) مِدْرَسَہ (C) مَدرِسَہ (D) مُدرَسَہ

(15) '' شکر '' کا درست تلفظ ہے۔
(A) شُکَرَ (B) شُکُرْ (C) شَکُرْ (D) شُکْرُ

PAPER CODE NUMBER: 3024

2019 (A)

رول نمبر ____________

سیکنڈری سکول امتحان پارٹ - II ( جماعت دہم )

اردو ( لازمی ) ( نیو کورس ) ( سیشن 2016-2018 ) گروپ ۔ دوسرا

وقت = 20 منٹ **حصہ معروضی** کل نمبر = 15

نوٹ۔ ہرسوال کے چار ممکنہ جوابات A، B، C اور D دیے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر ہرسوال کے سامنے دیے گئے دائروں میں سے درست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مارکر یا پین سے بھر دیجئے۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہوگا۔ دائروں کو پُر نہ کرنے کی صورت میں کوئی نمبر نہیں دیا جائے گا۔ اس سوالیہ پرچہ پر سوالات ہرگز حل نہ کریں۔

سوال نمبر 1۔

(1) '' کاش وہ محنت کرتا '' جُملہ ہے۔
(A) ماضی بعید کا (B) ماضی قریب کا (C) ماضی شکیہ کا (D) ماضی تمنائی کا

(2) '' مدرسہ '' کا درست تلفظ ہے۔
(A) مَدْرَسَہ (B) مِدْرَسَہ (C) مَدَرِسۃ (D) مُدْرَسَۃ

(3) '' شکر '' کا درست تلفظ ہے۔
(A) شُکُرَ (B) شُکْرُ (C) شَکُرْ (D) شُکُرْ

(4) خواجہ حسن نظامی نے دِلّی کے جو نوحے لکھے اس میں ______ نمایاں ہے۔
(A) عظمتِ رفتہ (B) احساسِ شادمانی (C) عید کا ذکر (D) لطف وسُرور

(5) سبق '' علی بخش '' ______ کی تحریر ہے۔
(A) سجاد حیدر یلدرم (B) مولوی عبدالحق (C) قدرت اللہ شہاب (D) ہاجرہ مسرور

(6) ترکی کے سلطان محمد ثالث کا بڑا بیٹا سلطان احمد تخت نشین ہوا۔
(A) 10 سال کی عُمر میں (B) 14 سال کی عُمر میں (C) 18 سال کی عُمر میں (D) 20 سال کی عُمر میں

(7) لڑکی نے کس کلاس کا ٹکٹ خریدا؟
(A) فرسٹ کلاس (B) سیکنڈ کلاس (C) تھرڈ کلاس (D) سلیپر

(8) ایک دن پاکستانی بچے قیام کریں گے۔
(A) منزل پر (B) راستے میں (C) دشت میں (D) گھر میں

(9) گدلا پانی پودوں کے لیے تھا۔
(A) ضرررساں (B) آبِ حیات (C) بے سُود (D) مفید

(10) اکبر کے دور میں دین کی سربلندی کے لیے ______ نے سختیاں جھیلیں۔
(A) حضرت مجدد الف ثانیؒ (B) شاہ ولی اللہؒ (C) سید احمد بریلویؒ (D) شاہ اسمٰعیل شہیدؒ

(11) نظم '' مال گودام روڈ '' شاعر کے پیشِ نظر لکھنے کا مقصد ______ ہے۔
(A) طنز برائے اِصلاح (B) تنقید برائے تنقید (C) مزاح (D) مبالغہ آرائی

(12) کسان کی انگلیاں دن کے وقت رہتی ہیں۔
(A) ہل کی ہتھی پر (B) حُقے کی نَے پر (C) خاک کی نبض پر (D) بانسری پر

(13) غزل کے پہلے شعر کو کہتے ہیں۔
(A) قافیہ (B) ردیف (C) مقطع (D) مَطلع

(14) '' تک '' قواعد کی رو سے ہے۔
(A) اِسم (B) فعل (C) حرف (D) کلمہ

(15) مصدر کی اقسام ہیں۔
(A) دو (B) تین (C) چار (D) پانچ

**PAPER CODE NUMBER: 3026**

2019 (A)

رول نمبر ______________

## سیکنڈری سکول امتحان پارٹ - II ( جماعت دہم )

## اردو ( لازمی ) ( نیو کورس ) ( سیشن 2016-2018 ) گروپ ۔ دوسرا

وقت = 20 منٹ

## حصہ معروضی

کل نمبر = 15

نوٹ۔ ہرسوال کے چار ممکنہ جوابات A، B، C اور D دیئے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر ہرسوال کے سامنے دیئے گئے دائروں میں سے درست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مارکر یا پین سے بھر دیجئے۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہوگا۔ دائروں کو پُر نہ کرنے کی صورت میں کوئی نمبر نہیں دیا جائے گا۔ اس سوالیہ پرچہ پر سوالات ہرگز حل نہ کریں۔

**سوال نمبر 1۔**

(1) نظم " مال گودام روڈ " شاعر کے پیش نظر لکھنے کا مقصد ______ ہے۔
(A) طنز برائے اِصلاح (B) تنقید برائے تنقید (C) مزاح (D) مبالغہ آرائی

(2) کسان کی انگلیاں دن کے وقت رہتی ہیں۔
(A) ہل کی ہتھی پر (B) نَے کی نَے پر (C) خاک کی نبض پر (D) بانسری پر

(3) غزل کے پہلے شعر کو کہتے ہیں۔
(A) قافیہ (B) ردیف (C) مقطع (D) مطلع

(4) " تک " قواعد کی رو سے ہے۔
(A) اِسم (B) فعل (C) حرف (D) کلمہ

(5) مصدر کی اقسام ہیں۔
(A) دو (B) تین (C) چار (D) پانچ

(6) " کاش وہ محنت کرتا " جملہ ہے۔
(A) ماضی بعید کا (B) ماضی قریب کا (C) ماضی شکیہ کا (D) ماضی تمنائی کا

(7) " مدرسہ " کا درست تلفظ ہے۔
(A) مَدْرَسَہ (B) مِدْرَسَہ (C) مَدرِسۂ (D) مُدرَسۂ

(8) " شکر " کا درست تلفظ ہے۔
(A) شُکَر (B) شُکْرُ (C) شَکُرْ (D) شُکُرْ

(9) خواجہ حسن نظامی نے دِلّی کے جو نوحے لکھے اس میں ______ نمایاں ہے۔
(A) عظمتِ رفتہ (B) احساسِ شادمانی (C) عید کا ذکر (D) لطف وسُرور

(10) سبق " علی بخش " ______ کی تحریر ہے۔
(A) سجاد حیدر یلدرم (B) مولوی عبدالحق (C) قدرت اللہ شہاب (D) ہاجرہ مسرور

(11) ترکی کے سلطان محمد ثالث کا بڑا بیٹا سلطان احمد تخت نشین ہوا۔
(A) 10 سال کی عُمر میں (B) 14 سال کی عُمر میں (C) 18 سال کی عُمر میں (D) 20 سال کی عُمر میں

(12) لڑکی نے کس کلاس کا ٹکٹ خریدا؟
(A) فرسٹ کلاس (B) سیکنڈ کلاس (C) تھرڈ کلاس (D) سلیپر

(13) ایک دن پاکستانی بچے قیام کریں گے۔
(A) منزل پر (B) راستے میں (C) دشت میں (D) گھر میں

(14) گدلا پانی پودوں کے لیے تھا۔
(A) ضرر رساں (B) آبِ حیات (C) بے سُود (D) مفید

(15) اکبر کے دور میں دین کی سربلندی کے لیے ______ نے سختیاں جھیلیں۔
(A) حضرت مجدد الف ثانیؒ (B) شاہ ولی اللہؒ (C) سید احمد بریلویؒ (D) شاہ اسمٰعیل شہیدؒ

PAPER CODE
NUMBER: 3028

2019 (A)

رول نمبر ________

سیکنڈری سکول امتحان پارٹ - II ( جماعت دہم )

اردو ( لازمی ) ( نیو کورس ) ( سیشن 2016-2018 ) گروپ ۔ دوسرا

وقت = 20 منٹ **حصہ معروضی** کل نمبر = 15

نوٹ۔ ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات A، B، C اور D دیئے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر ہر سوال کے سامنے دیئے گئے دائروں میں سے درست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مارکر یا پین سے بھر دیجیے۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہوگا۔ دائروں کو پُر نہ کرنے کی صورت میں کوئی نمبر نہیں دیا جائے گا۔ اس سوالیہ پرچہ پر سوالات ہرگز حل نہ کریں۔

**سوال نمبر 1۔**

(1) ایک دن پاکستانی بچے قیام کریں گے۔ (A) منزل پر (B) راستے میں (C) دشت میں (D) گھر میں

(2) گدلا پانی پودوں کے لیے تھا۔ (A) ضرر رساں (B) آبِ حیات (C) بے سُود (D) مفید

(3) اکبر کے دور میں دین کی سربلندی کے لیے ______ نے سختیاں جھیلیں۔ (A) حضرت مجدد الف ثانیؒ (B) شاہ ولی اللہؒ (C) سید احمد بریلویؒ (D) شاہ اسمٰعیل شہیدؒ

(4) نظم '' مال گودام روڈ '' شاعر کے پیشِ نظر لکھنے کا مقصد ______ ہے۔ (A) طنز برائے اِصلاح (B) تنقید برائے تنقید (C) مزاح (D) مبالغہ آرائی

(5) کسان کی انگلیاں دن کے وقت رہتی ہیں۔ (A) ہل کی ہتھی پر (B) حُقے کی نے پر (C) خاک کی نبض پر (D) بانسری پر

(6) غزل کے پہلے شعر کو کہتے ہیں۔ (A) قافیہ (B) ردیف (C) مقطع (D) مطلع

(7) '' تک '' قواعد کی رو سے ہے۔ (A) اِسم (B) فعل (C) حرف (D) کلمہ

(8) مصدر کی اقسام ہیں۔ (A) دو (B) تین (C) چار (D) پانچ

(9) '' کاش وہ محنت کرتا '' جملہ ہے۔ (A) ماضی بعید کا (B) ماضی قریب کا (C) ماضی شکیہ کا (D) ماضی تمنائی کا

(10) '' مدرسہ '' کا درست تلفظ ہے۔ (A) مَدْرَسَہ (B) مِدْرَسَہ (C) مَدِرسَہٗ (D) مُدْرَسَہٗ

(11) '' شکر '' کا درست تلفظ ہے۔ (A) شُکْرَ (B) شُکُرْ (C) شَکُرْ (D) شُکْرُ

(12) خواجہ حسن نظامی نے دِلّی کے جو نوحے لکھے اس میں ______ نمایاں ہے۔ (A) عظمتِ رفتہ (B) احساسِ شادمانی (C) عید کا ذکر (D) لطف وسُرور

(13) سبق '' علی بخش '' ______ کی تحریر ہے۔ (A) سجاد حیدر یلدرم (B) مولوی عبدالحق (C) قدرت اللہ شہاب (D) ہاجرہ مسرور

(14) ترکی کے سلطان محمد ثالث کا بڑا بیٹا سلطان احمد تخت نشین ہوا۔ (A) 10 سال کی عُمر میں (B) 14 سال کی عُمر میں (C) 18 سال کی عُمر میں (D) 20 سال کی عُمر میں

(15) لڑکی نے کس کلاس کا ٹکٹ خریدا؟ (A) فرسٹ کلاس (B) سیکنڈ کلاس (C) تھرڈ کلاس (D) سلیپر